**CONFIDENTIAL**

**Not to be released for publication in the press before presentation to the Assembly**

# PROVINCIAL ASSEMBLY OF THE PUNJAB

## REPORT OF THE COMMITTEE ON PRIVILEGES REGARDING PRIVILEGE MOTION NO. 32/2016 MOVED BY MR AMJAD ALI JAVAID, MPA (PP-86)/ PARLIAMENTARY SECRETRAY FOR POPULATION WELFARE

Privilege Motion No. 32/2016 moved by Mr Amjad Ali Javaid, MPA (PP-86) (Annexed) was referred to the Committee on Privileges on 23 August, 2016. The Committee considered the Privilege Motion in its meetings held on 20 September, 16 November 2016 and 22 February and 04 July 2017.

**2.** The following attended –

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Chaudhary Muhammad Iqbal, MPA (PP-98) | Chairman |
| 2. | Haji Ehsan-ud-Din Qureshi, MPA (PP-197) | Member |
| 3. | Mr Mehdi Abbas Khan, MPA (PP-205)<br>(attended on 20 September 2016 and 22 February 2017) | Member |
| 4. | Syed Hussain Jahania Gardezi, MPA (PP-213)<br>(attended on 16 November 2016 and 22 February and 04 July 2017) | Member |
| 5. | Rais Muhammad Mehboob Ahmed, MPA (PP-289)<br>(attended on 20 September 2016 and 22 February 2017) | Member |
| 6. | Mr Ejaz Hussain Bukhari, MPA (PP-15) | Member |
| 7. | Mr Ahmed Khan Bhacher, MPA (PP-45)<br>(attended on 20 September 2016 and 22 February 2017) | Member |
| 8. | Mr Ahmad Shah Khagga, MPA (PP-229)<br>(attended on 20 September, 16 November 2016 and 04 July 2017) | Member |
| 9. | Mr Amjad Ali Javaid, MPA (PP-86)/<br>Parliamentary Secretary for Population Welfare<br>(attended on 20 September, 16 November 2016 and 04 July 2017) | *Mover* |

**3.** Mr Muhammad Mahboob, Deputy Secretary, Services and General Administration Department and Mr Mohsin Bukhari, Deputy Director, Law & Parliamentary Affairs Department, Punjab attended the meetings as Expert Advisors. Mr Faiz-ul-Basit, Additional Secretary, (Committees), Provincial Assembly of the Punjab functioned as Secretary to the Committee.

**4.** Mr Usman Akram, DPO, Toba Tek Singh informed the Committee that all the accused officers had been served with show cause notices and they had also been transferred from District Toba Tek Singh.

**5.** Mr Amjad Ali Javaid, MPA/Mover (PP-86) stated that all issues which led to the moving of the Privilege Motion had been resolved so he did not want to press his Privilege Motion.

*Contd…P/2*

6. The Committee unanimously decided to recommend to the Assembly that the subject Privilege Motion may be treated as disposed of, being not pressed by the Mover.

Lahore
*4 July 2017*

**CHAUDHARY MUHAMMAD IQBAL**
*Chairman*
*Committee on Privileges*

---

*Lahore*
*4 July 2017*

Mumtaz Hussain

**(RAI MUMTAZ HUSSAIN BABAR)**
*Secretary*

ANNEXURE

تینتیسواں اجلاس

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## تحریک استحقاق نمبر 32 بابت 2016

**جناب امجد علی جاوید:** میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کیلئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ مورخہ 16 جولائی 2016 کو DPO ٹوبہ ٹیک سنگھ کے دفتر میں وزیر اعلیٰ کے احکامات پر ہونے والی ماہانہ لاء اینڈ آرڈر میٹنگ منعقد ہوئی، جس کی سربراہی RPO فیصل آباد نے کی۔ میٹنگ میں میرے علاوہ ممبران اسمبلی میاں محمد رفیق، کرنل ریٹائرڈ ایوب خان گادھی، عبدالقدیر علوی بھی موجود تھے۔ میٹنگ کے دوران RPO صاحب نے استفسار کیا ضلع کی لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال اور مسائل کے متعلق ممبران اسمبلی اپنی رائے کا اظہار کریں۔ جس پر راقم نے ٹوبہ ٹیک سنگھ شہر میں بڑھتی ہوئی منشیات فروشی اور ان کے استعمال سے حالیہ ہفتے میں ہونے والی تین اموات اور شہر میں روز بروز بڑھتی ہوئی ڈکیتی کی وارداتوں اور ان سے پیدا ہونے والے شہریوں کے اندر بڑھتے ہوئے عدم تحفظ کے احساس اور اس صورتحال پر پولیس افسران کی بے حسی، عدم توجہگی اور پہلو تہی کے رویے پر تشویش کا اظہار کیا۔ جس پر RPO صاحب نے اقدامات اٹھانے کے احکامات جاری کئے اور میٹنگ ختم ہو گئی۔ میٹنگ کے اختتام کے تقریباً تین گھنٹے بعد ایس ایچ او سٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ عابد حسین نے ہماری LPG کی ایجنسی پر پولیس عملے کے ہمراہ ریڈ کیا اور وہاں موجود میرے بھتیجے اور ملازمین کو تھانے چلنے کا حکم دیا، جس پر انہوں نے وجہ جاننے کی جسارت کی، جس پر موصوف مزید برہم ہو گئے۔ اس دوران میرے بھتیجے نے فون پر مجھ سے رابطہ کیا اور مجھے صورتحال سے آگاہ کیا۔ جس پر میں نے اسے ایس ایچ او صاحب سے بات کروانے کو کہا۔ میں نے ایس ایچ او صاحب سے ایجنسی پر ریڈ اور اپنے بھتیجے اور ملازمین کو ہراساں کرنے کی وجہ بتانے کی گزارش کی۔ جس پر موصوف نے بلاجھجک یہ کہا کہ آپ بھی تو ہماری بہت شکائتیں لگاتے ہیں۔ جس پر میں نے عرض کیا اگر آپ اس جرم میں اور ہمیں اپنی بے بسی اور بے توقیری کا احساس دلانے اور شہر میں ہمیں بے عزت کرنے کے لئے انہیں تھانے لے جانا چاہتے ہیں تو ضرور لے جائیں۔ اس پر اس دن تو موصوف واپس تشریف لے گئے لیکن اگلے دن دوبارہ سب انسپکٹر احمد رضا اور ہیڈ کانسٹیبل محمد جاوید کو پولیس ملازمین کے ہمراہ دوبارہ دوکان پر بھیج دیا، جنہوں نے آتے ہی میرے بھتیجے اور ملازمین کو تھانے چلنے کا حکم دیا، جس پر انہوں نے تھانے جانے کے لئے مذکورہ بالا پولیس افسران کو اپنا قصور اور وجہ بتانے پر اصرار کیا تو حوالدار مذکورہ بالا نے کہا تھانے چلو تمہاری ایم پی اے شپ نکالتے ہیں۔ اس دوران انہوں نے ایس ایچ او سے فون پر رابطہ کیا، جس پر وہ مزید نفری لے کر پہنچ گئے اور مجھ سے رابطہ کرنے سے پہلے میرے دو بھتیجوں عمیر افضل اور شیراز اشرف کو گاڑی میں ڈال کر تھانے لے گئے اور تھانے پہنچتے ہی تھپڑوں اور ٹھڈوں سے ان پر تشدد کیا۔ اسی دوران جب مجھ سے میرے ملازمین کا رابطہ ہوا اور انہوں نے مجھے صورتحال سے آگاہ کیا اس وقت میں دیگر ممبران اسمبلی کے ساتھ DCO ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ساتھ ایک میٹنگ میں بیٹھا تھا وہاں میں نے اپنے دیگر کولیگز سے پولیس گردی کی یہ صورتحال شیئر کی تو انہوں نے DPO سے بات کرنے کا مشورہ دیا۔ جس پر میں نے اور میاں محمد رفیق نے DPO سے بات کی۔ جس پر DPO کی مداخلت سے میرے بھتیجوں اور ملازمین کی رہائی ممکن ہوئی۔ میرے ساتھ سخت زیادتی ہوئی جس سے نہ صرف بطور ممبر اسمبلی میرا بلکہ اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ لہذا میری اس تحریک کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور اسے باضابطہ قرار دیتے ہوئے مجلس استحقاقات کے سپرد کیا جائے۔

لاہور

22 اگست 2016

23 اگست 2016

رائے ممتاز حسین بابر

سیکرٹری

Asif